فروری 2022	B.Ed Regular (ریگولر) بی۔ایڈ	I Semester پہلا سمسٹر

پرچہ : حیاتیاتی سائنس کی تدریس

Paper - B9ED102DST : Pedagogy of Biological Sciences

Time : وقت : 3 Hrs گھنٹے	Maximum. Marks 70 : جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. خرد تدریس کیا ہے؟ اس کی کسی ایک مہارت کو مختصراً واضح کیجیے۔
2. حیاتیاتی سائنس کی مشرقی تاریخ بیان کریں۔
3. استخراجی طرز رسائی کیا ہے؟ اس کے فوائد تحریر کیجیے۔
4. حیاتیاتی سائنس کا دیگر سائنسی مضامین سے ربط کو واضح کریں۔
5. مسلسل جامع جانچ پر نوٹ لکھیے۔
6. حیاتیاتی سائنس میں سوامی ناتھن کی خدمات کو اجاگر کریں۔
7. حیاتیاتی سائنس کے معنی و مفہوم اور طرز مطالعہ بیان کیجیے۔
8. تدریس کے اغراض و مقاصد میں فرق بیان کیجیے۔
9. سائنس کی تدریس میں تجربہ گاہ طریقہ کار کی اہمیت بتائیے۔
10. بلوم کے وقوفی علاقے کی درجہ بندی بیان کیجیے۔

حصہ دوم

11. انسانی فلاح و بہبود میں سائنس کے کردار پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔
12. حیاتیاتی سائنس کی تدریس کے لیے ایک استاد کو درکار ضروری مہارتوں کا جائزہ لیجیے۔
13. درجہ ہشتم کی حیاتیاتی سائنس کی درسی کتاب کے کسی عنوان پر ایک منصوبہ سبق تیار کیجیے۔
14. آپ بحیثیت استاد طلباء میں سائنس کی تدریس کے ذریعہ کون کون سی اقدار کا فروغ کریں گے؟ مع مثال وضاحت کیجیے۔
15. تصوراتی خاکہ سازی (Concept Mapping) کو مثالوں کے ذریعہ سمجھائیے۔ حیاتیاتی سائنس کی تدریس میں آپ اس کا اطلاق کیسے کریں گے؟

☆☆☆